نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

قومی پروگرام برائے اصلاح کھالہ جات (فیز II) کے تحت کاشتکاروں کو لیزر لینڈ لیولر کی سبسڈی پر فراہمی کیلئے درخواستوں کی وصولی کے لئے 25 اگست 2022 تک توسیع۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور 16 اگست 2022: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کاشتکاروں کو قومی پروگرام برائے اصلاح کھالہ جات (فیز II) کے تحت لیزر لینڈ لیولرز فی یونٹ 2 لاکھ 50 ہزار روپے سبسڈی سے فراہم کئے جا رہے ہیں۔اس ضمن میں درخواست دہندہ کے پاس لیزر لینڈ لیولر کے استعمال کے لئے ذاتی ٹریکٹر ہونا چاہیے۔درخواست دہندہ/ کاشتکار/ مزارع/ زرعی گریجویٹ کے پاس آبپاش علاقہ جات میں ساڑھے بارہ ایکڑ سے زائد رقبہ موجود نہیں ہونا چاہیے۔درخواست دہندہ اپنے علاقے میں منصوبہ کی مدت کے دوران سالانہ 300 ایکڑ زمین کی ہمواری کے لئے خدمات فراہم کرنے پر تیار ہو۔یاد رہے، ایسے تمام کاشتکار جو کسی اور منصوبہ کے تحت لیزر لینڈ لیولرز یونٹ حاصل کر چکے ہوں وہ درخواست دینے کے اہل نہیں ہوں گے۔ترجمان نے مزید بتایا کہ خواہشمند کاشتکار مکمل درخواست مع متعلقہ دستاویزات ڈپٹی ڈائریکٹر یا اسسٹنٹ ڈائریکٹر (اصلاح آبپاشی) کے دفتر سے مفت حاصل کر سکیں گے۔اس کے علاوہ کاشتکار محکمہ زراعت پنجاب کے شعبہ اصلاح آبپاشی کی ویب سائٹ **www.ofwm.agripunjab.gov.pk** سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ایسے تمام کاشتکار جنہوں نے **2021-22** میں لیزر لینڈ لیولر کے لئے درخواست جمع کرائی تھی مگر وہ قرعہ اندازی میں کامیاب نہیں ہو سکے تھے انہیں دوبارہ درخواست جمع کرانے کی ضرورت نہیں ہے۔اُن کی گزشتہ سال والی درخواست قابلِ عمل ہوگی مگر انہیں بیانِ حلفی جمع کرانا ہوگا کہ ان کی زمین اور ٹریکٹر کی ملکیت تبدیل نہیں ہوئی ہے۔خواہشمند کاشتکار مکمل درخواستیں **25 اگست 2022** تک اپنے متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر (اصلاح آبپاشی) کے دفتر میں جمع کروائیں۔مزید معلومات کے لئے خواہشمند کاشتکار نظامت اعلیٰ زراعت (اصلاح آبپاشی) کے فون نمبر **042-99200757** پر دفتری اوقات میں رابطہ کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆